URDU

THE WHITE HOUSE
Office of the Press Secretary

فوری اجرا کے لیئے — 25 نومبر، 2009

حج اور عید الاضحیٰ پر صدر کا بیان

میں اور میری اہلیہ مشیل، اس سال فریضۂ حج ادا کرنے والے تمام لوگوں اور امریکہ اور دنیا بھر کے مسلمانوں کے لیئے جو عید الاضحیٰ منا رہے ہیں، اپنی بہترین خواہشات کا نذرانہ پیش کرتے ہیں۔ مناسکِ حج اور عید الاضحی سے دنیا کے تین عظیم مذاہب کی مشترکہ براہیمی اساس کی یاد تازہ ہوتی ہے۔

حج کے دوران، ہزاروں امریکی مسلمانوں سمیت، زندگی کے ہر شعبے سے تعلق رکھنے والے تیس لاکھ مسلمان، دنیا میں سب سے بڑے اور سب سے زیادہ متنوع اجتماع میں کوہِ عرفات پر نماز ادا کریں گے۔ اس سے اگلے دِن ، دنیا بھر کے مسلمان عید الاضحیٰ منائیں گے اور اللہ کے حکم کی تعمیل میں، اپنا بیٹا قربان کر دینے پر حضرت ابراہیم کی آمادگی کی یاد منانے کے لیئے، ضرورت مند لوگوں میں کھانا تقسیم کریں گے ۔

مجھے خوشی ہے کہ اس سال حج کے دوران H1N1 فلو کو روکنے اور اس کے پھیلاؤ کو محدود رکھنے کے لیئے، امریکہ کا ہیلتھ اور ہیومن سروسز کا محکمہ سعودی عرب کی وزارتِ صحت کے ساتھ مِل کر کام کر رہا ہے - H1N1 فلو کے خلاف جنگ میں تعاون کے ذریعے ، میری انتظامیہ کے اس عہد پر عمل در آمد کیا جا رہا ہے کہ باہم دلچسپی کے شعبوں میں شراکت داری کے جذبے کے تحت کام کیا جائے گا۔

امریکہ کے لوگوں کی جانب سے، ہم آپ کو اِس حج کے دوران مبارکباد پیش کرتے ہیں۔ عید مبارک۔